ہفت روزہ
ندائے خلافت
لاہور
49
www.tanzeem.org
17 تا 23 ربیع الاوّل 1437ھ / 29 دسمبر 2015ء تا 4 جنوری 2016ء

اس شمارے میں

مشترکہ فوجی اتحاد
مسلمانوں کے لیے ایک اور کڑی آزمائش

نبی اکرم ﷺ کی رحمۃ للعالمینی
کے چند مظاہر

کس سے محبت کی جزا مانگے گا؟

سقوطِ ڈھاکہ اور تاریخ کا سبق

اشاریہ مضامین
ہفت روزہ ''ندائے خلافت''
2015ء

نبی اکرم ﷺ کا خصوصی اُسوہ

نبی اکرم ﷺ کا اصل اور خصوصی اسوہ کون سا ہے؟ یہ اسوۂ حسنہ آپؐ کا وہ صبر وثبات' اللہ کے دین کے لیے سرفروشی اور جاں فشانی ہے جو ہمیں غزوۂ احزاب میں نظر آتی ہے۔ آپؐ کا یہ حال تھا کہ آپؐ اپنے جان نثاروں کے شانہ بشانہ اور قدم بقدم ہی نہیں بلکہ ان سے بھی بڑھ کر ہر مشقت میں شریک تھے۔ کوئی تکلیف ایسی نہ تھی جو دوسروں نے اٹھائی ہو اور آپؐ نے نہ اٹھائی ہو۔

یہ نہیں تھا کہ کہیں زرنگار خیمہ علیحدہ لگا دیا گیا ہو اور قالین بچھا دیئے گئے ہوں اور وہاں حضور ﷺ آرام فرما رہے ہوں اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیھم ہی خندق کھودنے کے لیے کدالیں چلا رہے ہوں۔ بلکہ معاملہ یہ تھا کہ خندق کھودنے والوں میں آپؐ بھی شامل تھے۔ کدالیں چلاتے ہوئے صحابہؓ کرام بیک آواز کہتے: اَللّٰھُمَّ لَا عَیْشَ اِلاَّ عَیْشُ الْاٰخِرَۃِ اور نبی اکرم ﷺ ان کے ساتھ آواز میں آواز ملا کر فرماتے: فَاغْفِرِ الْاَنْصَارَ وَالْمُھَاجِرَۃَ۔ سردی اور بھوک کی تکالیف اٹھانے میں بھی آپؐ برابر کے شریک تھے...... بھوک اور نقاہت سے کہیں کمر دہری نہ ہو جائے' اس خیال سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اپنے پیٹوں پر پتھر باندھ رکھے تھے۔ ایک صحابیؓ نے حضور ﷺ کو اپنے پیٹ پر بندھا ہوا پتھر دکھایا تو سرورِ عالم' محبوب رب العالمین' خاتم النبیین والمرسلین نے اپنا کُرتہ اٹھایا تو صحابی نے دیکھا کہ آپؐ کے شکم مبارک پر دو پتھر بندھے ہیں۔

محاصرے کے دوران آپؐ ہر وقت خندق میں موجود رہے اور جس طرح صحابہ کرامؓ تھکان سے چُور ہو کر پتھر کا تکیہ بنا کر تھوڑی دیر کے لیے آرام کی خاطر لیٹ جاتے تھے' اسی طرح حضور ﷺ بھی وہیں کھلی زمین پر کچھ دیر کے لئے پتھر پر سر رکھ کر آرام فرما لیا کرتے تھے۔ یہ نہیں تھا کہ آپؐ نے استراحت کے لیے اپنے واسطے کوئی خصوصی اہتمام فرمایا ہو۔ بنی قریظہ کی غداری کے بعد جس خطرے میں سب مسلمانوں کے اہل وعیال مبتلا تھے' اُسی سے آپؐ کے اہلِ خانہ دوچار تھے۔ اپنے لیے یا اپنے اہل وعیال کے لیے آپؐ نے حفاظت کا کوئی خصوصی انتظام نہیں کیا تھا۔ یہ ہے اصل صورت واقعہ اور صورتِ حال جس کے تناظر میں فرمایا گیا ہے: ﴿لَقَدْ کَانَ لَکُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ اُسْوَۃٌ حَسَنَۃٌ......﴾ (الاحزاب: 21) ''تمہارے لیے اللہ کے رسول ﷺ کی زندگی میں بہترین نمونہ ہے۔''

ڈاکٹر اسرار احمدؒ

الھدیٰ (686)

ڈاکٹر اسرار احمد

اللہ کے سوا کوئی مددگار نہیں

سورۃ بنی اسراءیل ﴿بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ﴾ آیات: 75، 76

اِذًا لَّاَذَقۡنٰکَ ضِعۡفَ الۡحَیٰوۃِ وَضِعۡفَ الۡمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَکَ عَلَیۡنَا نَصِیۡرًا ﴿۷۵﴾ وَاِنۡ کَادُوۡا لَیَسۡتَفِزُّوۡنَکَ مِنَ الۡاَرۡضِ لِیُخۡرِجُوۡکَ مِنۡہَا وَاِذًا لَّا یَلۡبَثُوۡنَ خِلٰفَکَ اِلَّا قَلِیۡلًا ﴿۷۶﴾

آیت ۷۵ ﴿اِذًا لَّاَذَقۡنٰکَ ضِعۡفَ الۡحَیٰوۃِ وَضِعۡفَ الۡمَمَاتِ﴾ ''(اگر ایسا ہو جاتا) تب ہم آپؐ کو دگنی سزا دیتے زندگی میں اور دگنی سزا دیتے موت پر۔''

اَلرَّبُّ رَبٌّ وَاِنۡ تَنَزَّلَ ۔۔۔ وَالۡعَبۡدُ عَبۡدٌ وَاِنۡ تَرَقّٰی

''رب تو آخر رب ہے جتنا بھی تنزل فرمالے اور بندہ بہرحال بندہ ہی ہے جس قدر بھی ترقی پالے!''

﴿ثُمَّ لَا تَجِدُ لَکَ عَلَیۡنَا نَصِیۡرًا ﴿۷۵﴾﴾ ''پھر نہ پاتے آپؐ اپنے لیے ہمارے مقابلے میں کوئی مددگار۔''

آیت کا مضمون بہت نازک ہے۔ بہرحال میں نے الفاظ کے مطابق ترجمہ کرنے کی کوشش کی ہے، لیکن موقع محل اور سیاق وسباق کی نزاکت کو دیکھتے ہوئے اصل مفہوم کو دقت نظری سے سمجھنے کی ضرورت ہے۔ اگرچہ یہ خطاب نبی اکرم ﷺ سے ہے مگر سختی کا رخ اُن لوگوں کی طرف ہے جنہوں نے اپنی ضد اور ہٹ دھرمی سے آپؐ کے مقابلے میں ایسے حالات پیدا کر رکھے تھے۔ ان الفاظ میں ان لوگوں کو سنایا جا رہا ہے کہ بدبختو! تم جو چاہو کر لو' ہمارے نبی (ﷺ) تمہارے اس دباؤ میں آ کر تمہارے مطالبات ماننے والے نہیں ہیں۔

آیت ۷۶ ﴿وَاِنۡ کَادُوۡا لَیَسۡتَفِزُّوۡنَکَ مِنَ الۡاَرۡضِ لِیُخۡرِجُوۡکَ مِنۡہَا وَاِذًا لَّا یَلۡبَثُوۡنَ خِلٰفَکَ اِلَّا قَلِیۡلًا ﴿۷۶﴾﴾ ''اور یہ تلے ہوئے ہیں کہ آپؐ کے قدم اکھاڑ دیں اس زمین سے' تاکہ آپؐ کو یہاں سے نکال باہر کریں' اور (اگر ایسا ہوا تو) تب وہ خود بھی نہیں ٹھہریں گے آپؐ کے بعد مگر تھوڑا عرصہ۔''

یہ مکی دور کے آخری ایام کے اُن حالات کی جھلک ہے جب اس کش مکش کی شدت انتہا کو پہنچ چکی تھی اور حالات بے حد نازک رخ اختیار کر چکے تھے۔ یہاں پر رسول اللہ ﷺ کو (معاذ اللہ) مکہ سے نکالنے کے لیے قریش کی منصوبہ بندی کا صرف ذکر کیا گیا ہے' مگر اس کی نفی کرنے کے بجائے یہ پیشین گوئی کی گئی ہے کہ اگر ایسا ہوا تو آپؐ کے بعد وہ خود بھی یہاں پر زیادہ عرصہ نہیں رہ سکیں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ قریش کے اکثر سردار تو ہجرت کے دوسرے برس ہی جنگ بدر میں قتل ہو گئے جبکہ صرف آٹھ سال بعد مکہ شہر پر آپ ﷺ کا باقاعدہ تسلط بھی قائم ہو گیا۔

فرمان نبویؐ

انجام کی فکر اور آگاہی کا نتیجہ

عَنۡ اَنَسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنۡہُ قَالَ: قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ: ((لَوۡ تَعۡلَمُوۡنَ مَا اَعۡلَمُ لَضَحِکۡتُمۡ قَلِیۡلًا وَلَبَکَیۡتُمۡ کَثِیۡرًا)) (رَوَاہُ الۡبُخَارِیُ)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اگر تم ان باتوں کو جان لو جو مجھے معلوم ہیں تو بہت تھوڑا ہنسو اور کثرت سے روتے رہو۔''

تشریح: انسان کی ظاہر بین آنکھ ان حقائق کا ادراک نہیں کر سکتی جن کا تعلق اعمال کی جزا اور سزا سے ہے اور وہ یہ بھی نہیں جانتا کہ موت کی سختی کیسی ہے، برزخ میں کیا صورت حال پیش آئے گی اور قیامت کے دن کن مصائب سے دوچار ہونا پڑے گا۔ حضور ﷺ فرماتے ہیں کہ ان سب چیزوں کو میں تو اچھی طرح جانتا ہوں لیکن تم نہیں جانتے۔ اگر میری طرح تمہیں بھی ان حقائق کا علم ہوتا تو تم تھوڑا ہنستے اور بہت کثرت سے روتے۔

ہفت روزہ ندائے خلافت لاہور

تا خلافت کی بنا دنیا میں ہو پھر استوار
لا کہیں سے ڈھونڈ کر اسلاف کا قلب و جگر

تنظیم اسلامی کا ترجمان، نظامِ خلافت کا نقیب

بانی: اقتدار احمد مرحوم

17 تا 23 ربیع الاوّل 1437ھ جلد 24
29 دسمبر 2015ء تا 4 جنوری 2016ء شمارہ 49

مدیر مسئول: حافظ عاکف سعید
مدیر: ایوب بیگ مرزا
نائب مدیر: محمد خلیق
ادارتی معاون: فریداللہ مروت

نگران طباعت: شیخ رحیم الدین
پبلشر: محمد سعید اسعد، طابع: رشید احمد چودھری
مطبع: مکتبہ جدید پریس، ریلوے روڈ، لاہور

مرکزی دفتر تنظیم اسلامی:
67-اے، علامہ اقبال روڈ، گڑھی شاہو، لاہور-54000
فون: 36316638-36366638-
E-Mail:markaz@tanzeem.org
مقام اشاعت: 36-کے، ماڈل ٹاؤن، لاہور-54700
فون: 35869501-03 فیکس: 35834000
publications@tanzeem.org

قیمت فی شمارہ 12 روپے

سالانہ زرِ تعاون
اندرونِ ملک...... 450 روپے
بیرون پاکستان
انڈیا---------------- (2000 روپے)
یورپ، ایشیا، افریقہ وغیرہ (2500 روپے)
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا وغیرہ (3000 روپے)
ڈرافٹ، منی آرڈر یا پے آرڈر
"مکتبہ مرکزی انجمن خدام القرآن" کے عنوان سے ارسال کریں۔ چیک قبول نہیں کیے جاتے

"ادارہ" کا مضمون نگار حضرات کی تمام آراء سے پورے طور پر متفق ہونا ضروری نہیں

اداریہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مشترکہ فوجی اتحاد: مسلمانوں کے لیے ایک اور کڑی آزمائش

سعودی وزارت دفاع کی جانب سے 34 اسلامی ممالک پر مشتمل فوجی اتحاد تشکیل دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔ اس اتحاد میں مصر، قطر اور عرب امارات سمیت کئی عرب ممالک کے ساتھ ساتھ ترکی، ملیشیا، پاکستان اور افریقی ممالک شامل ہیں۔ سعودی عرب کے وزیر دفاع شہزادہ محمد بن سلمان نے مشترکہ فوجی اتحاد کے اغراض و مقاصد کو واضح کرتے ہوئے کہا کہ اس مہم کے ذریعے عراق، شام، لیبیا، مصر اور افغانستان جیسے ممالک میں شدت پسندی سے نمٹنے کے لیے کی جانے والی کوششوں کو مربوط کیا جائے گا۔ اتحاد کا مقصد تمام دہشت گرد گروپوں اور تنظیموں کی کارروائیوں سے اسلامی ممالک کو بچانا، فرقہ واریت کے نام پر قتل کرنے، بدعنوانی پھیلانے یا معصوم لوگوں کو قتل کرنے سے روکنا ہے۔

بظاہر تو یہ اتحاد اور اس کے اغراض و مقاصد بڑے دلفریب، خوش نما اور خوش آئند ہیں۔ کئی سادہ لوح مسلمان اسے عالم اسلام کے بیشتر مسائل کا حل سمجھیں گے اور کئی اسے مسلمانوں کی قوت اور طاقت میں اضافے کی علامت قرار دیں گے۔ موجودہ حالات میں جبکہ غیر مسلم طاقتیں مل کر افغانستان، عراق، شام، لیبیا اور دیگر علاقوں میں کشت و خون کا ہولناک کھل کھیل رہی ہیں، ہونا تو یہی چاہیے کہ مسلمان ممالک آپس میں مل کر اپنے مسائل خود حل کریں اور اپنے مضبوط اتحاد کے ذریعے دہشت گردی، فرقہ واریت اور شدت پسندی جیسے مسائل سے خود نبٹنے کی کوشش کریں، دشمنانِ اسلام کی سازشوں کو ناکام بنانے کے لیے انہیں مسلم خطوں سے واپس بھیج دیں۔ بظاہر یہ اتحاد اس لیے بھی خوش آئند معلوم ہوتا ہے کہ دہشت گردی اور شدت پسندی نے اسلام اور عالم اسلام کو بہت نقصان پہنچایا ہے، بہت خون بہایا ہے، غیر مسلم دنیا میں اسلام کی تضحیک ہوئی ہے اور دشمنان اسلام کے مذموم مقاصد کی تکمیل ہوئی ہے جبکہ اس مشترکہ فوجی اتحاد کا بڑا مقصد دہشت گردی، فرقہ واریت اور شدت پسندی کے خلاف موثر اقدام بتایا گیا ہے۔

لیکن ہم سمجھتے ہیں کہ یہ تصویر کا ایک رُخ ہے جو دیکھنے میں خوش آئند معلوم ہوتا ہے جبکہ تصویر کا دوسرا رُخ انتہائی کربناک اور المناک حالات کی منظر کشی کر رہا ہے اور ذرا تعصب اور خود غرضی کی مغربی عینک اُتار کر باریک بینی سے جائزہ لیا جائے تو مذکورہ فوجی اتحاد عالم اسلام کے مسائل میں بے پناہ اضافہ کا باعث معلوم ہوتا ہے۔ کیونکہ پہلی بات تو یہ ہے کہ اس فوجی اتحاد کے اغراض میں جس دہشت گردی کے سدباب کا ذکر ہوا ہے، اُس کی اسلام کے نقطۂ نظر سے از سرنو تعریف کی ضرورت محسوس نہیں کی گئی بلکہ اس کا مطلب اسی ڈھونگ اصطلاح میں لیا گیا جو مغرب اور اسلام دشمن دنیا کی ڈکشنریوں میں تعصب کی بنا پر رائج الوقت ہے، جس کے مطابق مصر میں اسلامی نظام کے داعی الاخوان بھی دہشت گرد ہیں، افغانستان میں امارت اسلامی کے حامی طالبان بھی، کشمیر کے حریت پسند اور فلسطین کے محصور اور برما کے مظلوم مسلمان بھی دہشت گرد ہیں۔ چنانچہ ہم سمجھتے ہیں کہ مصر میں الاخوان کو کچلنے کے لیے مصری فوج سے جو کام لیا گیا، افغانستان کی امارت اسلامیہ کو گرانے اور کشمیر کی تحریک آزادی کو ثبوتاژ کرنے کے لیے جو کام پرویز مشرف سے لیا گیا، وہی کام اس نام نہاد ''اسلامی فوجی اتحاد'' سے لینے کا منصوبہ معلوم ہوتا ہے۔

اگر چہ بے گناہ لوگوں ، عورتوں اور بچوں کا ناحق خون بہانے والے واقعی دہشت گرد ہیں ، انسانیت کے قاتل اور سنگین جرم کے مرتکب ہیں ، ان کا تعلق کسی بھی مذہب یا مسلک سے ہو، قابل مذمت ہیں۔لیکن اللہ کے دین کی سربلندی اور غلبہ کے لیے اپنے ملک اور معاشرے میں جدوجہد کرنے والوں کو دہشت گردی کے کٹہرے میں کھڑا کر کے ہدف بنانا کونسا اسلامی تقاضا ہے جس کے لیے مشترکہ اسلامی فوج تشکیل دی جائے۔ اگر تو مذکورہ فوجی اتحاد کے اغراض ومقاصد میں اسلام کی سربلندی اور غلبہ نام کی کوئی چیز موجود ہے تو ہم سب سے پہلے اس کی تائید وحمایت کا اعلان کرتے ہیں لیکن اگر اس اتحاد میں مصر میں اسلامی انقلاب کے حامیوں کو ٹینکوں تلے روندنے والی فوج کے سربراہ جنرل سیسی بھی شامل ہیں ، افغانستان میں امارت اسلامی کی جدوجہد کرنے والے طالبان بھی اس اتحاد کی اصطلاح میں دہشت گرد ہیں ، امریکہ ، مغرب اور اسلام دشمن قوتیں اس اتحاد کو اعلانیہ اپنی حکمت عملی کے مطابق قرار دیتی ہیں تو ہم سمجھتے ہیں کہ یہ اتحاد بھلے مسلم افواج پر مشتمل ہو، اسلام اور مسلمانوں کے لیے نیٹو اور امریکی فوج سے مختلف ثابت نہیں ہوگا۔اگر مختلف ہے تو ہمیں بتایا جائے کہ یہ اتحاد برما، فلسطین اور کشمیر کے مظلوم مسلمانوں کی دادرسی کا کوئی ایجنڈا رکھتا ہے؟

حقیقت یہ ہے کہ امریکہ اور اس کے اتحادی اپنے سارے وسائل جھونک کر بھی عراق اور افغانستان میں وہ اہداف حاصل نہیں کر پائے جس کے لیے یہود اور عالمی تسلط کی خواہشمند دجالی قوتوں نے ان ممالک کو میدان جنگ بنایا تھا۔ابھی ان کا ایجنڈا ادھورا ہے، شام اور ایران میں ان کے مفادات ہیں، گریٹر اسرائیل کا خواب باقی ہے۔لہٰذا عین ممکن ہے جو کام امریکہ اور نیٹو نہیں کر پائے وہ اس فوجی اتحاد سے لینے کی کوشش کی جائے ، جس کے لیے بنیاد حسب سابقہ نام نہاد دہشت گردی کو بنایا گیا ہے ۔ حالانکہ جو حقیقت میں دہشت گردی ہے اس کی پشت پر انہی عالمی قوتوں اور اسلام دشمن ایجنسیوں کا ہاتھ ثابت ہو چکا ہے۔ نائن الیون اور پیرس حملوں کی حقیقت دنیا کے سامنے آچکی ہے۔اس طرح کے ڈرامے رچا کر مسلم ممالک پر شب خون مارنے کا کھیل بھی ان کے اہداف کی تکمیل نہ کر سکا۔ سارے وسائل جھونک چکے، اپنے فوجیوں کے لاشے اُٹھا اُٹھا کر تھک چکے، امریکہ مقروض ہو چکا، یورپ اور امریکہ میں اس بے مقصد جنگ کے حوالے سے اضطراب بھی پایا جاتا ہے۔یورپ میں اس کے خلاف مظاہرے بھی ہوئے۔سابق برطانوی وزیر اعظم ٹونی بلیئر اسی سبب سے معافی کے خواستگار ہوئے اور عراق کی جنگ کو بے مقصد قرار دیا، امریکی صدر اوباما اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں خطاب کے دوران برملا یہ اعتراف کر چکے کہ امریکہ اکیلا کچھ نہیں کر سکتا۔لہٰذا اس تنہائی کو دور کرنے کے لیے جہاں پیرس حملوں کا ڈرامہ رچا کر یورپی اقوام کو دوبارہ خوفزدہ کیا گیا، وہیں پر مسلم ممالک کے فوجی اتحاد کی ضرورت بھی پیش آگئی کیونکہ یورپی اقوام میں یہود اور عالمی تسلط کی اس جنگ کے خلاف اضطراب بڑھ رہا ہے اور ان کے اعصاب اور وسائل بھی جواب دینے لگے ہیں۔لہٰذا اس جنگ کے اہداف حاصل کرنے کے لیے اسلامی ممالک ہی کی فوج تیار کی جائے تا کہ وسائل بھی مسلمانوں کے خرچ ہوں اور مریں بھی مسلمان۔امریکیوں اور یورپین کو نہ لاشیں اُٹھانی پڑیں اور نہ وسائل خرچ ہوں۔

چنانچہ سعودی وزیر دفاع کی جانب سے مشترکہ فوجی اتحاد کے اعلان کے ساتھ ہی یورپ اور امریکہ سے بھی اس پر اظہار اطمینان کا سلسلہ شروع ہو چکا۔امریکہ کی جانب سے اس فوجی اتحاد کا خیر مقدم کرتے ہوئے امریکی وزیر دفاع ایشٹن کارٹر نے انقرہ میں کہا کہ یہ اتحاد امریکی حکمت عملی کے عین مطابق ہے جس کے تحت دولت اسلامیہ کے مقابلے کے لیے سنی عرب ممالک کے کردار کو وسعت دینا ہے۔امریکہ کا بیان اتحاد کے مقاصد کو واضح کرنے کے لیے کافی ہے۔یہ بات بھی ریکارڈ میں ہے کہ امریکہ اس سے قبل خلیجی ممالک پر دولت اسلامیہ کے خلاف موثر فوجی اقدامات کرنے اور امریکہ کی مدد کرنے پر زور دیتا رہا ہے، اسی سلسلہ میں رواں سال کویت میں اسلامی تعاون تنظیم میں وزرائے خارجہ کے 42 ویں اجلاس کے موقع پر اقوام متحدہ اور اسلامی ملکوں کے تعاون کی قراردادوں کی روشنی میں دہشت گردی اور شدت پسندی سے نمٹنے کا اعادہ کیا گیا تھا۔پیرس حملوں کے بعد ان ممالک پر امریکی دباؤ مزید بڑھ گیا تھا۔چنانچہ یہ اتحاد اسی دباؤ کا نتیجہ ہے۔اس حقیقت کا اظہار سعودی وزیر دفاع کے بیان سے بھی ہوتا ہے جس میں انہوں نے کہا ہے کہ ”شام اور عراق میں آپریشن کے لیے اہم طاقتوں اور عالمی اداروں کے ساتھ عالمی سطح کے روابط استوار کیے جائیں گے۔اس جگہ پر ہم قانونی جواز کے ساتھ عالمی برادری کے ساتھ روابط کے بغیر یہ آپریشن انجام نہیں دے سکتے۔“انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں عالمی برادری اور بین الاقوامی اداروں سے رابطے رکھے جائیں گے اور مکمل تعاون کیا جائے گا۔

چنانچہ ان حقائق کی روشنی میں یہ صاف طور پر واضح ہوجاتا ہے کہ اس مشترکہ فوجی اتحاد کو امریکہ اور نیٹو کے اہداف ومقاصد کے حصول کے لیے استعمال میں لانے کی کوشش کی جائے گی۔عرب ممالک میں نظام خلافت کے قیام کی تحریکیں بھی اُٹھ رہی ہیں جن کو دبانے کے لیے بھی عرب ممالک کو ایک ایسے اتحاد کی ضرورت تھی۔ یہ حقیقت بھی مدنظر رہنی چاہیے کہ اس اتحاد میں ایران، عراق اور شام شامل نہیں ہیں۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ فرقہ وارانہ بنیادوں پر قائم ہوا ہے جس کی تصدیق امریکی وزیر دفاع کے بیان سے بھی ہوتی ہے کہ ”اس اتحاد کا مقصد سنی عرب مسلمانوں کے کردار کو وسعت دینا ہے“ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ 34 ملکی اتحاد کے اعلان کا مقصد مشرق وسطیٰ میں ایران اور شام کے خلاف ایک بڑی فوجی طاقت کو کھڑا کرنا بھی ہے۔

لہٰذا یہ حقیقت اظہر من الشمس ہے کہ مشرق وسطیٰ میں کشیدگی مزید بڑھے گی اور عالم اسلام کا رہا سہا امن بھی جنگ وجدل کی نظر ہوگا۔امریکہ اور صیہونی ایجنسیاں اندرون خانہ دہشت گردی کی پشت پناہی بھی جاری رکھیں گی، خلافت کی تحریکوں کو دبانے کے نتیجے میں مسلمان حکومتوں کے خلاف ردعمل میں مزید شدت آئی گی ۔مسلمان کے ہاتھوں ، مسلمان کا خون ہوگا ، جبکہ کفار یہی چاہتے ہیں۔وہ افغانستان اور عراق میں اپنے وسائل جھونک کر دیکھ چکے اور اب مسلمانوں کو آپس میں لڑا کر اپنے اہداف اور مقاصد کو پورا کرنا چاہتے ہیں ۔ جو کہ ایک تیر سے کئی شکار کرنے کی مہلک سازش ہے ۔ایک طرف مسلمان حکومتوں کے ذریعے ہی اسلامی نظام کا راستہ روکا جائے گا ، دوسری طرف ایران ، شام اور عراق سے تیل اور گیس کے اہداف حاصل کیے جائیں گے اور اس کے ساتھ ہی ساتھ مسلمانوں کی آپس کی لڑائی سے گریٹر اسرائیل کا ہدف مزید آسان ہوجائے گا۔عالمی قوتیں جہاں مشترکہ فوجی اتحاد کی کھلم کھلا حمایت کر رہی اور اسے اپنے مقاصد اور اہداف کے حصول کے لیے استعمال کرنا چاہتی ہیں وہیں پر پس پردہ یہی قوتیں ایران کی بھی پشت پناہی کر رہی ہیں اور مسلمانوں میں ایک جنگ کا ماحول پیدا کر کے گریٹر اسرائیل کا راستہ ہموار کرنا چاہتی ہیں۔عالم اسلام کو جہاں متحد ہو کر اسرائیل جیسے فتنے کا سد باب کرنا چاہیے تھا وہاں مسلمان ریاستیں آپس میں برسرپیکار ہوں گی تو اسرائیل کا کام آسان ہوجائے گا۔

امت مسلمہ کے اتحاد کی شدید ضرورت ہے لیکن ایسا اتحاد جو اُمت مسلمہ کے لیے امن، سلامتی اور خیر وبرکت کا باعث بنے ، جس سے مسلمان اسلام دشمن قوتوں اور یہودی ایجنڈے کو ناکام بنانے کے لیے سر جوڑ کر بیٹھیں ۔یہ اتحاد منفی بنیادوں پر نہ ہو اور مسلمانوں کے درمیان انتشار وافتراق پیدا نہ کرے بلکہ اس سے ایسی وحدت وجود میں آئے جو عالمی سطح پر خلافت کی بنیاد اُستوار کرے۔

☆☆☆

''(اے نبی ﷺ!) ہم نے آپ کو تمام جہان والوں کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے!''



نبی اکرم ﷺ کی رحمۃ للعالمینی کے چند مظاہر

مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی، لاہور میں امیر تنظیم اسلامی حافظ عاکف سعید حفظہ اللہ کے 18 دسمبر 2015ء کے خطابِ جمعہ کی تلخیص

ربیع الاوّل کے بابرکت مہینے کا آغاز ہو چکا ہے اور اس ماہِ مبارک میں نبی اکرم ﷺ کی ولادت باسعادت ہوئی ہے تو اس مناسبت سے اس ماہ میں آپ ﷺ کے فضائل' مناقب اور سیرت پر زیادہ گفتگو ہوتی ہے۔ پھر اس ماہ میں آپ ﷺ سے عقیدت اور محبت کے اظہار کے لیے نئے نئے طریقے اختیار کیے جاتے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ آنحضور ﷺ سے محبت، آپؐ کا احترام، آپؐ کی عقیدت ہمارے ایمان کا لازمی حصہ ہے اور جب تک ہم اپنے تمام رشتہ داروں اور عزیز و اقارب سے بڑھ کر حضور ﷺ سے محبت نہ کریں' ہمارا ایمان کامل نہیں ہو سکتا۔

نبی اکرم ﷺ سے محبت کے اظہار کے طریقے کیا ہیں اور پھر اس محبت کے تقاضے کیا ہیں؟ اس حوالے سے خود حضور ﷺ ہمارے لیے اُسوہ نہیں بن سکتے' بلکہ اس معاملے میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ہمارے لیے نمونہ کی حیثیت رکھتے ہیں جن کے بارے میں قرآن کی گواہی موجود ہے کہ وہ صحیح راستے پر گامزن تھے اور نیکی' رشد اور ہدایت کا کامل نمونہ تھے۔ لہٰذا اس معاملے میں ہمارے لیے اُسوہ صحابہ کرامؓ ہیں' لیکن آج کل حضور اکرم ﷺ سے اظہار محبت کے جو طریقے اختیار کیے جا رہے ہیں' ان میں سے کوئی بھی طریقہ صحابہ کرامؓ کے دور میں نہیں تھا۔ آج کی گفتگو میں ہم رسول اللہ ﷺ سے محبت کے تقاضوں اور اس ضمن میں رسول اللہ ﷺ کے نوعِ انسانی پر ہونے والے رحمت کے مظاہر کو جاننے کی کوشش کریں گے۔

رسول اللہ ﷺ کی عظمت اور آپؐ کے مقام و مرتبہ کے پہلو قرآن مجید میں جگہ جگہ بکھرے ہوئے ہیں اور اس کے حوالے سے سب سے اونچا مقام یہ ہے: ﴿وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝۱۰۷﴾ (الانبیاء) ''اور (اے نبی ﷺ!) ہم نے نہیں بھیجا ہے آپ کو مگر تمام جہان والوں کے لیے رحمت بنا کر''۔ اس کا حاصل یہ ہے کہ ع ''بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر!'' یعنی پوری کائنات میں اللہ عزوجل کے بعد محترم ترین ہستی نبی آخر الزماں حضرت محمد رسول اللہ ﷺ ہیں۔

اس کے علاوہ بھی حضور ﷺ کی عظمت کی مختلف شانیں اور اوصاف قرآن مجید میں بیان ہوئے ہیں۔ سورۃ الاعراف کی آیات 156 اور 157 میں بھی آپ ﷺ کے اوصاف کا تذکرہ ہے۔ ان آیات کا پس منظر یہ ہے کہ قوم کی طرف سے بچھڑے کو معبود بنا لینے کے جرم کے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام قوم کے ستر (70) افراد کو اجتماعی استغفار کے لیے کوہ طور پر لے کر گئے اور اس موقع پر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی امت کے لیے دعائیں کیں' جن میں سے ایک دعا یہ بھی تھی: ﴿وَاكْتُبْ لَنَا فِيْ

مرتب: حافظ محمد زاہد

هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ اِنَّا هُدْنَآ اِلَيْكَ ؕ﴾ ''اور تو ہمارے لیے اس دُنیا (کی زندگی) میں بھی بھلائی لکھ دے اور آخرت میں بھی' ہم تیری جناب میں رجوع کرتے ہیں''۔ بعینہٖ یہی الفاظ سورۃ البقرۃ کی آیت 201 میں مسلمانوں کو بھی سکھائے گئے ہیں۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی اس دعا کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ﴿قَالَ عَذَابِيْٓ اُصِيْبُ بِهٖ مَنْ اَشَآءُ ۚ وَرَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ ؕ﴾ ''(اللہ نے) فرمایا کہ میں عذاب میں مبتلا کروں گا جس کو چاہوں گا' اور میری رحمت ہر شے پر چھائی ہوئی ہے'' — ایک تو اللہ تعالیٰ کی رحمتِ عام ہے جو تمام مخلوقات کو محیط ہے۔ جیسے ایک حدیث میں آتا ہے: ((اَلْخَلْقُ كُلُّهُمْ عِيَالُ اللّٰهِ فَاَحَبُّ الْخَلْقِ عِنْدَ اللّٰهِ مَنْ اَحْسَنَ اِلٰى عِيَالِهٖ)) ''ساری مخلوق اللہ کا کنبہ ہے اور اللہ کے نزدیک سب سے پیاری وہ مخلوق ہے جو اس کے کنبہ کے ساتھ حسنِ سلوک کرے''۔ اب جملہ مخلوقات میں فرشتے' جنات' انسان' حیوانات' سب آ گئے اور یہ سارے کے سارے اللہ کے کنبے کی مانند ہیں' لہٰذا ان سب کے ساتھ اچھا سلوک کرنا' اللہ تعالیٰ کی نظر میں بہت پسندیدہ ہے۔

بہرحال اللہ تعالیٰ فرما رہے ہیں کہ میری رحمتِ عامہ سے میری تمام مخلوقات حصہ پا رہی ہیں' لیکن جہاں تک میری رحمتِ خاصہ کا تعلق ہے تو اس کے مستحق صرف وہ لوگ ہیں جن میں مندرجہ ذیل اوصاف پائے جاتے ہوں: ﴿فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِنَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۱۵۶﴾ ''تو اسے میں لکھ دوں گا ان لوگوں کے لیے جو تقویٰ کی روش اختیار کریں گے' زکوٰۃ دیتے رہیں گے اور جو لوگ ہماری آیات پر پختہ ایمان رکھیں گے''۔ اگلی آیت میں اس کی مزید تفصیل آ رہی ہے: ﴿اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ ۫﴾ ''جو اتباع کریں گے رسول نبی اُمی (ﷺ) کا جسے پائیں گے وہ لکھا ہوا اپنے پاس تورات اور انجیل میں''۔ گویا آخری نبی ﷺ کے بارے میں پیشین گوئیاں' آپ ﷺ کے حالات اور آپ ﷺ کے بارے میں واضح علامات تورات اور انجیل دونوں میں موجود ہیں۔ اگرچہ یہودیوں نے تورات میں سے بہت سی پیشین گوئیوں کو کھرچ کھرچ کر نکال دیا ہے' لیکن اب بھی کئی مقامات ایسے ہیں جو واضح طور پر بتا رہے ہیں کہ یہاں ذکر آنحضور ﷺ کا ہے۔

اب آگے اس نبی اُمی کے اوصاف بیان کیے جا رہے ہیں اور پہلا وصف یہ بیان ہوا ہے: ﴿يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰىهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ﴾ ''وہ انہیں نیکی کا حکم دیں گے اور برائیوں سے روکیں گے''۔ سارے انبیاء و رُسل علیہم السلام امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا کام کرتے

رہے۔ مگر اس سلسلۃ الذہب میں وقفہ آنے پر انسانی تصورات خیر وشر میں تبدیلیاں آجاتیں اور معاشرہ انتشار کا شکار ہو جاتا۔ پھر کوئی نیا نبی یا رسول آکر امر بالمعروف ونہی عن المنکر اور دعوت وتبلیغ کا فریضہ سرانجام دیتا اور پھر قوم کا ایک طبقہ راہ ہدایت پر آجاتا۔ اسی طرح یہ سلسلہ رواں دواں رہا۔

اس سلسلۃ الذہب کے آخر میں حضرت محمد ﷺ آئے ہیں اور آنحضور ﷺ کی بعثت تاریخ کے اس موڑ پر ہوئی ہے کہ جب انسانیت بلوغت کے دور میں داخل ہو چکی تھی اور بڑی بڑی ریاستیں اور سپر پاورز وجود میں آچکی تھیں۔ تمدن کی تمام ظاہری پیچیدگیاں سامنے آچکی تھیں اور واضح ہو چکا تھا کہ خیر کیا ہے اور شر کیا ہے۔ چنانچہ ہر پہلو سے جامع اور کامل ترین پیغام آنحضور ﷺ کے ذریعے نوع انسانی کو ملا ہے جس میں کسی قسم کے اضافہ اور تبدیلی کی ضرورت نہیں ہے۔

ویسے تو بہت سے لوگ آسمانی ہدایت کو مانتے ہیں، لیکن کچھ وہ بھی ہیں جو نہیں مانتے لہٰذا ان کے منکرات اور خیر کے تصورات بدلتے رہتے ہیں۔ آج کا انسان آسمانی ہدایت کو چھوڑ کر جب اپنے ذہن سے سوچتا ہے تو پھر اس کا مقبول فلسفہ headonism بن جاتا ہے جو گراوٹ کی انتہا ہے۔ اس فلسفے کے مطابق کوئی بھی شے جس شخص کو فائدہ دے رہی ہے وہ اس کے لیے خیر ہے۔ اس سے زیادہ بداخلاقی کی تعلیم کیا ہو سکتی ہے کہ اگر مجھے کسی کو تکلیف دے کر، کسی کا مال ہڑپ کر کے، کسی کے اوپر ظلم کر کے خوشی محسوس ہو رہی ہے تو یہ میرے لیے خیر ہے۔

خیر اور شر کے بنیادی تصورات اللہ نے انسان کے اندر ودیعت کر رکھے ہیں، مثلاً نیکی اور بدی کا ایک اخلاقی تصور انسان کے اندر موجود ہے اور ہمارا ضمیر بتا دیتا ہے کہ جھوٹ بولنا، دھوکہ دینا، کسی کا حق غصب کرنا اور کسی پر ظلم کرنا کبھی بھی خیر نہیں ہو سکتا۔ اس کے ساتھ ساتھ خیر وشر کے حوالے سے تفصیلی راہنمائی آنحضور ﷺ کے ذریعے ہمیں دے دی گئی اور بتا دیا گیا کہ کیا خیر ہے اور کیا شر ہے۔ لہٰذا خیر وشر کے حوالے سے معیار اب محمد رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات ہیں۔

نبی اُمی ﷺ کی دوسری صفت یہ بیان کی گئی: ﴿وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ﴾ ''اور ان کے لیے تمام پاک چیزیں حلال کر دیں گے اور حرام کر دیں گے ان پر ناپاک چیزوں کو''۔ بنی اسرائیل پر کچھ چیزیں ان کی شرارتوں کی وجہ سے بھی حرام کر دی گئی تھیں جیسا کہ اونٹ کا گوشت، اس لیے فرمایا کہ نبی اُمی ﷺ ان پر سے ایسی تمام بندشیں اٹھا دیں گے اور تمام پاکیزہ چیزوں کو ان کے لیے حلال کر دیں گے۔ گویا حلال وحرام کے بارے میں بھی بتا دیا گیا کہ اس کا حتمی فیصلہ محمد عربی ﷺ کریں گے اور پھر اس کی بنیاد بھی بتا دی کہ ہر طیب اور پاکیزہ چیز، جو انسان کے لیے فائدہ بخش ہے تو اس کو حلال قرار دیں گے اور ہر نجس اور ناپاک چیز، جو کسی بھی اعتبار سے انسان کی صحت یا روح کے حوالے سے کوئی مضر پہلو رکھتی ہے تو اس کو حرام قرار دیں گے۔

نبی اکرم ﷺ کا تیسرا وصف یا تیسری شان یہ بیان کی گئی کہ: ﴿وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ ط﴾ ''اور ان سے اتار دیں گے ان کے بوجھ اور طوق جو ان (کی گردنوں) پر پڑے ہوں گے'' —— آیت کا ٹکڑا اپنی جگہ ایک مکمل تفصیلی موضوع ہے کہ کون کون سے طوق نوع انسانی کے گلے میں پڑے ہوئے تھے جن سے رسول اللہ ﷺ نے نوع انسانی کو چھٹکارا دلوایا ہے۔ بہرحال میں ان میں سے صرف تین کی طرف اشارہ کر دیتا ہوں۔

آنحضور ﷺ کے دور میں ملوکیت اور بادشاہت کا نظام تھا جس میں بادشاہ کو پورا اختیار ہوتا تھا کہ جو چاہے قانون بنائے، عوام کے لیے جیسے چاہے ٹیکس لگائے، جیسے چاہے ان کی خون پسینے کی کمائی سے اپنا حصہ وصول کرے۔ پھر بادشاہ اور اس کی فیملی کو حق ہے کہ انہی میں سے بادشاہ ہو گا۔ گویا اس طرح بقیہ پوری نوع انسانی ایک اعتبار سے ان کے غلام ہیں جن کے کوئی حقوق نہیں ہیں۔ چنانچہ آپ نے دیکھا کہ بادشاہ کو اگر کسی شخص کی بات ذرا بھی کڑوی لگی تو جلاد کو حکم دے دیا کہ اس کی گردن اڑا دو اور جس کی کوئی بات دل کو بھا گئی تو اسے سونے میں تول دیا، یعنی عدل وانصاف نام کی کوئی چیز نہیں تھی۔

بادشاہت کا یہ نظام ایک بہت بڑا بوجھ تھا بنی نوع انسان پر جسے نبی اکرم ﷺ نے اتارا اور یہ تصور دیا کہ بادشاہ حقیقی ایک ہی ہے جو قانون بنانے والا ہے اور وہ اللہ رب العزت ہے۔ البتہ ان قوانین کو نافذ کرنے کے حوالے سے کچھ لوگوں کو ذمہ داری سونپی گئی ہے اور یہ ہے خلافت کا تصور، یعنی انسان اللہ کے نائب کے طور پر اللہ کے قانون کو نافذ کرے گا، لیکن وہ خود سے قانون سازی نہیں کر سکتا (انتظامی معاملات میں قانون بنا سکتا ہے)۔ چنانچہ یہ بادشاہت کا طوق نبی اکرم ﷺ نے نوع انسانی کے کندھے یا گلے سے اتارا ہے اور اس کے بعد یہی ہوا تھا کہ مسلمان جو علاقے فتح کرتے تھے تو ان میں اللہ کا دین نافذ کر دیتے تھے جس کو دیکھ کر وہاں کے لوگوں کی آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ جاتی تھیں کہ یہ انسانوں کے حقوق ہیں۔ ہر انسان چاہے وہ مسلم ہے یا غیر مسلم، اس کی جان، مال اور عزت وآبرو کی حفاظت ریاست کے ذمے ہے۔ اس کی بنیادی ضروریات پوری کرنا ریاست کے ذمے ہے۔ قانون کی نظر میں خلیفہ اور عام آدمی، بلکہ غیر مسلم کی حیثیت بھی برابری کی ہے۔ یہ تصور تو کسی کے ذہن میں تھا ہی نہیں کہ ایسا بھی ممکن ہے اور پھر خلیفہ کے بارے میں تصور یہ ہے کہ وہ قوم کا خادم ہے اور اگر وہ ذرا بھی اپنی حدود سے تجاوز کرے گا تو اس کا بھی گریبان پکڑا جائے گا۔ یہ سب دور خلافت راشدہ میں ہوا ہے جسے دیکھ کر کروڑوں لوگ مسلمان ہوئے ہیں۔ یہ نظام صحابہ کرامؓ نے قائم کیا تھا۔ صحابہ کرامؓ علاقے فتح کرتے اور ابھی ایک شخص بھی اس علاقے میں مسلمان نہیں ہوا ہوتا کہ وہ اللہ کا دین قائم کر دیتے۔ اس نظام کے تحت سب کے برابر حقوق ہیں اور کوئی اوپر نہیں، کوئی نیچے نہیں ہے۔ کبھی انسان نے سوچا بھی نہیں تھا کہ ایسا بھی ہو سکتا ہے۔ یہ ہے احترام آدمیت اور حقوق انسانی، چنانچہ ایک تو رسول اللہ ﷺ نے یہ طوق اتارا۔

اس کے علاوہ بھی ایک طوق انسانوں کے گلے میں پڑا ہوا تھا۔ ہر دور میں تصورِ خدا تو موجود ہوتا تھا اور ہر جگہ مذہبی طبقہ انسانوں اور خدا کے مابین ایک واسطہ بن کر بیٹھ جاتا تھا کہ ہمیں خوش کرو گے تو ہم تمہاری بات خدا تک پہنچائیں گے لہٰذا ہمیں نذرانے دو۔ یہ پروہت، پنڈت اور پادری اپنے مفادات کے لیے صدقے اور نذرانے کے نام پر لوگوں کا خون کشید کر رہے تھے۔ اس بارے میں اقبال کہتا ہے:

کیوں خالق و مخلوق میں حائل رہیں پردے
پیرانِ کلیسا کو کلیسا سے اٹھا دو!

چنانچہ ہر دور میں اور ہر مذہب میں یہ پردے حائل رہے ہیں۔ ہمارے ہاں بھی جب تصوف کی حالت بگڑی ہے اور پیری مریدی کا معاملہ شروع ہوا ہے تو اس میں بھی

بھی تصور پروان چڑھا ہے۔ چنانچہ محمد عربی ﷺ نے آ کر یہ طوق بھی اتار دیا اور یہ تعلیم دی کہ اللہ ہر پکارنے والے کی پکار کو سنتا ہے' جواب دیتا ہے' قبول کرتا ہے اور بیچ میں کوئی حائل نہیں: ﴿اُجِیْبُ دَعْوَۃَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ۙ﴾ ''میں تو ہر پکارنے والے کی پکار کا جواب دیتا ہوں جب بھی (اور جہاں بھی) وہ مجھے پکارے''۔ چنانچہ غلامی کی شکل میں یہ ایک بہت بڑا طوق تھا جس سے محمد عربی ﷺ نے آ کر نجات دلائی ہے۔

ان دو کے علاوہ ایک اور طوق بھی نوع انسانی کے کندھوں پر تھا' وہ یہ کہ ہر معاشرے میں موجود اُمراء خوشی یا غمی کے مواقع پر بہت سی رسومات وغیرہ کا آغاز کر دیتے ہیں اور مذہبی طبقہ بھی اپنا پیٹ بھرنے کے لیے ان کا ساتھ دیتا ہے۔ مثلاً شادی بیاہ اور مرگ کے مواقع کی رسومات، اب ایک طبقہ جس کے پاس مال و دولت ہے تو وہ ان مواقع پر رسومات میں آگے سے آگے جا رہا ہے کہ یہ بھی کرنا ہے' وہ بھی کرنا ہے' جبکہ اس کے مقابلے میں ایک عام آدمی کے لیے اس حوالے سے بوجھ میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔

آج کل تو خاص طور شادی بیاہ کے معاملہ میں بے پناہ خرچ ہو جاتا ہے' حالانکہ اسلام نے اس کو بالکل سادہ رکھا ہے اور آنحضور ﷺ کی تعلیمات نے آپ پر کسی قسم کا بوجھ ڈالا ہی نہیں۔ ہماری اس مسجد میں آئے روز نکاح ہوتے رہتے ہیں اور اس مسجد کے مستقل نمازیوں کو خطبہ نکاح اور اس کا مفہوم بھی یاد ہو گیا ہو گا۔ اور میں یہ ثابت کر کے دکھاتا ہوں کہ نبی اکرم ﷺ نے شادی کا جو طریقہ اُمت کو دیا' اگر ہم اس پر عمل کریں تو لڑکی والے کے ذمے ایک پیسے کے بوجھ کا خرچہ نہیں آتا۔

آج ہم نے نبی اکرم ﷺ کی تعلیم کو چھوڑ دیا تو معاملہ یہ بن گیا کہ جن کی بیٹیاں جوان ہو رہی ہوں ان کی راتوں کی نیندیں حرام ہوئی ہوتی ہیں کہ کہاں سے لائیں اتنا بجٹ۔ کوئی ایک رسم تھوڑی ہے' منگنی کی تقریب ہے' مائیوں کی تقریب ہے' بارات کا لشکر ہے' رخصتی کا مرحلہ ہے' تیل کی رسم ہے اور اب تو مکلاوا بھی ہے۔ یہ سارا کچھ عذاب بنا ہوا ہے اور ان سب رسومات پر مستزاد پھر جہیز بھی دینا ہے۔ یہ طوق آنحضور ﷺ نے ہمارے کندھوں سے ہٹا دیے تھے' لیکن ہم نے سارے خود پر واپس لاد لیے اور پھر اس میں آئے روز اضافے بھی کر رہے ہیں۔

شادی میں بس ایک دعوت ہے ولیمے کی جو لڑکے کے ذمے ہے اور وہ بھی سادگی سے کرنے کی تعلیم دی گئی ہے اور یہ بتایا گیا ہے کہ اس میں اسراف اور تبذیر نہ ہو۔ دعوت ولیمہ کے علاوہ تو کوئی خرچ ہے ہی نہیں۔ آنحضور ﷺ نے یہ مثال قائم کی اور یہ رحمۃ للعالمین ﷺ کا فیض ہے کہ آپؐ نے نوع انسانی کو اس طوق سے نجات دلائی ہے۔ ورنہ آپ دنیا میں کسی بھی حصے میں دیکھ لیں کہ ان مواقع کے حوالے سے غریب آدمی بہت بری طرح پس رہا ہے۔ اسی طرح اسلام میں مرگ کے حوالے سے بھی کوئی بوجھ نہیں ڈالا گیا۔ اسلامی تعلیمات یہ ہے کہ فوتیدگی ہو گئی تو تین دن تک تعزیت ہے اور اس کے بعد تعزیت بھی نہیں ہے۔ یہ چیز عربوں کے ہاں ابھی بھی کافی حد تک موجود ہے۔ سعودی عرب میں موجود ہمارے بعض ساتھی کہتے ہیں کہ چوتھے دن ہم تعزیت کے لیے گئے تو انہوں نے کہا کہ تین دن تو گزر چکے ہیں تو اب کیسی تعزیت! جبکہ ہمارے ہاں فوتیدگی کے اگلے دن رسم قل ہو گی' پھر اس کے بعد تیجا ہو گا' پھر ساتواں ہو گا' پھر دسواں ہو گا' پھر چہلم ہو گا۔ چنانچہ واقعہ یہ ہے کہ جس غریب کے ہاں موت ہوئی ہے' اس کی جان تو عذاب میں آ جائے گی اور وہ ان رسومات کی ادائیگی کے لیے قرض لیتا پھر رہا ہو گا۔

مرگ کے حوالے سے حضور ﷺ کی تعلیمات یہ ہیں کہ سب سے پہلے نماز جنازہ ہے اور کسی مسلمان کے جنازے میں شرکت کرنا بڑی سعادت کی بات ہے اور اس کا بڑا اجر وثواب ہے۔ پھر جنازہ کے بعد اگر اس کی تدفین میں شرکت کرو گے تو ڈبل ثواب ہے۔ تدفین کے بعد دعا کی اور اس کے بعد فارغ۔ پھر سوگ اور تعزیت کرنے والوں کے لیے تین دن ہیں کہ لوگ آئیں اور تعزیت کریں۔ باقی مرحوم کو ایصال ثواب پہنچانا، اس کی اولاد کے ذمے ہے کہ اگر وہ نیک کام کرے گی اور اس کے لیے دعا کرے گی تو وہ یقینی طور پر پہنچے گا۔ کوئی اپنے مرحوم کے لیے خدمت خلق کا راستہ کھولتا ہے تو وہ بھی ہو سکتا ہے' لیکن تقریبات اور کوئی نہیں ہیں۔ آج ہمارے معاشرے میں مرگ کی رسومات اس طرح رچ بس گئی ہیں کہ عام آدمی جانتا ہے کہ مجھے اپنی عزت بچانی ہے' اگر میں یہ سب کچھ نہیں کروں گا تو میری ناک کٹ جائے گی۔

بہر حال یہ چند ایک بوجھ اور طوق، میں نے آپ کو گنوائے ہیں جو بنی نوع انسان کی گردنوں پر پڑے ہوئے ہیں جنہیں اللہ کے رسول ﷺ ختم کیا ہے اور آپ ﷺ واقعی اور صحیح معنوں میں تمام جہان والوں کے لیے رحمت ہیں۔ ہم ان کا احترام تو کر رہے ہیں اور ان کا یوم ولادت بھی مختلف طور طریقوں سے منا رہے ہیں' لیکن سوچنے کی بات یہ ہے کہ ہم آپ ﷺ کی تعلیمات کے ساتھ کیا سلوک کر رہے ہیں اور اس سے بڑھ کر جو نظام انہوں نے عطا کیا' وہ تو رحمۃ للعالمینی کا سب سے بڑا مظہر ہے' لیکن ہم ہیں کہ اس نظام کو قائم کرنے کے لیے تیار ہی نہیں ہیں' کوئی سنجیدگی سے سوچنے کے لیے بھی تیار نہیں ہے اور دوسری طرف حضور ﷺ سے محبت اور عشق کے دعوے ہیں۔ یہ ہمارا المیہ ہے۔

بہر حال ہم اپنے آپ کو تو بیوقوف بنا سکتے ہیں' اللہ کو دھوکہ نہیں دے سکتے۔ ہم نے دین کی اقدار تلپٹ کر دی ہیں اور اللہ کے دین سے غداری اور بے وفائی کی ہے' اسی وجہ سے آج اس اُمت پر اللہ کا عذاب ہے۔ آج ہر طرف شیطنت کا ظہور ہے اور خاص کر یہ عریانی وفحاشی سارا شیطان کا کام ہے۔ آج سے پچاس سال پہلے تک اس قسم کی فحاشی اور عریانی کا کوئی سوچ بھی نہیں سکتا تھا جو آج تمام مسلمانوں کے گھروں میں موجود ہے۔ اسی طرح سود کے حوالے سے قرآن مجید میں دوٹوک بات بتا دی گئی ہے کہ اگر سود کو نہیں چھوڑتے تو اللہ اور رسول سے جنگ کرنے کے لیے تیار ہو جاؤ۔ چنانچہ ایک طرف ہم اللہ کے خلاف حالت جنگ میں ہیں اور دوسری طرف درود وسلام کی محافل منعقد ہو رہی ہیں۔ ظاہر بات ہے کہ ہمیں خود یہ سوچنا چاہیے کہ ہم کر کیا رہے ہیں۔

بہر حال یہ وہ تین گوشے ہیں جن میں آنحضور ﷺ کی رحمت کا ظہور ہوا ہے اور آپؐ نے نوع انسانی کو ان طوقوں اور ناروا بوجھوں سے نجات دلائی ہے۔ اور بدقسمتی سے آج نبی رحمت ﷺ کی اُمت نے ان تمام بوجھوں کو پورے طور پر بلکہ اس سے بھی زیادہ اپنے اوپر لاد لیا ہے۔ یہ گویا دین سے انحراف کی وجہ سے اللہ کی طرف سے عذاب اور سزا ہے جو ہم پر مسلط ہے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں حضور ﷺ سے سچی محبت عطا کرے اور اللہ تعالیٰ ہمیں حضور ﷺ کا سچا امتی بننے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین یا رب العالمین!!

☆☆☆

کس سے محبت کی جزا مانگے گا

عامرہ احسان
amira.pk@gmail.com

16 دسمبر کے حوالے سے ملک بھر میں پورا ہفتہ پشاور کے بچوں کی یاد میں ہر سطح پر پروگرام ہوئے۔ حتیٰ کہ بالآخر چھٹی بھی دی گئی۔ عمران خان نے اس غم میں شرکت کے لیے آرکائیو لائبریری کے افتتاح کے موقع پر خطاب کیا۔ جس کے دوران متاثرہ والدین نے شدید احتجاج کرتے ہوئے جوڈیشل کمیشن بنانے کا مطالبہ کیا۔ ایک بچے کے والد نے خطاب کا موقع دیے جانے پر کہا کہ انہیں پلاٹ، پیسہ یا گھر نہیں چاہیے انصاف چاہیے۔ سانحے کے ذمہ داروں کا تعین کیا جائے۔ حق تو یہ ہے کہ جس واقعے نے پورے ملک کو ہلا کر رکھ دیا۔ گزشتہ ایک سال میں جس طرح یہ غم بار بار، طرح طرح دہرایا جاتا رہا، والدین کی تشفی تو جب ہی ممکن تھی اگر اول تا آخر پوری شفاف تحقیق کر کے حقیقی ذمہ داران بے نقاب کئے جاتے۔ لیکن یہ ہمارا قومی المیہ ہے (جس کی بنا پر المیہ مزید کئی المیوں کو جنم دیتا ہے) کہ جوڈیشل انکوائری اول تو ہوتی نہیں اگر ہو جائے تو رپورٹ آئیں بائیں شائیں کی نذر ہو جاتی ہے۔ اسی 16 دسمبر کا بہت بڑا، بھاری قومی سانحہ جس طرح دبا چھپا دیا گیا سقوط ڈھاکہ کا۔ تو یہاں توقع باندھنا بھی عبث ہوگا۔ جو کہانی سنا دی جائے عوام چپ کر کے اسے مان جائیں اور حکومتی سُروں میں سُر ملا کر وہی راگ الاپیں۔ یہ سانحہ، مشرقی پاکستان کا المناک، خونچکاں سانحہ بھلانے کے کام آیا۔ ہم یحییٰ خان، فوجی آپریشن، ہتھیار ڈالنے، سیاستدانوں کی نااہلیاں، 90 ہزار فوجی جنگی قیدی سب کچھ بھول جائیں۔ نوجوان نسل دندانِ آز تیز کئے سدا کے بدترین دشمن بھارت کو بھول جائیں۔ اس کے بجائے ہر ڈاڑھی والے میں نیا دشمن تلاش کریں۔ ہر المیہ، ہر سانحہ ذمہ دارانہ احتساب کا تقاضا کرتا ہے لیکن ہم نے جذبات کے تند و تیز ریلے میں سب کچھ بہا دینے میں ہی ہمیشہ عافیت تلاش کی ہے۔ اس واقعے میں بھی والدین کے زخموں پر وقتی ہمدردی کے مرہم رکھنا کافی جانا ہے۔ ان کا یہ کہنا نہایت تکلیف دہ ہے کہ اے پی ایس حملے کے حوالے سے جو کچھ ہو رہا ہے یہ سب ڈراما ہے۔ یہ ایک دکھی باپ کے احساسات ہیں جن پر عمران خان کو متوجہ ہونے کی ضرورت ہے۔

اُدھر پنجاب یونیورسٹی کے اساتذہ شدید سیخ پا ہیں۔ پے در پے ان کے ساتھی پروفیسر دھاوا بول کر اٹھا لئے گئے کالعدم تنظیم سے روابط کے الزام پر۔ دی نیوز 16 دسمبر کی رپورٹ کے مطابق پنجاب یونیورسٹی اکیڈیمک سٹاف ایسوسی ایشن (PUASA) نے جنرل باڈی میٹنگ میں اس پر شدید غم و غصے کا اظہار کیا۔ صدر، نائب صدر، سیکرٹری اور بڑی تعداد میں اساتذہ نے ملک کی سب سے بڑی اور قدیم ترین جامعہ کا تقدس پامال کرنے پر شدید احتجاج کیا۔ معزز اساتذہ کو بلا فراہمی ثبوت، یونیورسٹی انتظامیہ کو اعتماد میں لیے بغیر رات گئے جس غیر انسانی سلوک کا نشانہ بنایا گیا اس کی مذمت کی گئی۔ (ڈان کی رپورٹ کے مطابق 2 ایلیٹ فورس کی گاڑیوں میں آنے والے گھر کا گیٹ توڑ کر اندر داخل ہوئے)۔ یہ معزز اساتذہ ڈاکٹر غالب عطا اور ڈاکٹر عامر سعید تھے۔ جس غیر انسانی انداز میں (خوف و دہشت پھیلاتے) دھاوا بولا گیا اس سے ڈاکٹر غالب عطا کا چھوٹا بچہ نفسیاتی طور پر شدید ہراساں ہوا۔ ذہنی صدمے کی بنا پر گفتگو سے قاصر ہو گیا ہے۔ یہی حال بیوی اور دیگر اہلِ خانہ کا بھی ہے۔ ایسوسی ایشن نے اساتذہ کی رہائی کا مطالبہ کیا اور کہا کہ افراد کو غیر قانونی حراست میں لینا، رکھنا اور لاپتہ کرنا ملکی قانون کی خلاف ورزی ہے۔

ڈان 15 دسمبر کی رپورٹ کے مطابق صدر ایسوسی ایشن نے کہا کہ اگر کسی حساس ادارے کو ان کی سرگرمیوں پر شبہ تھا تو انہیں آرام سے دفتر میں طلب کر کے بات کی جا سکتی تھی۔ یہ اساتذہ غیر مسلح اور سرکاری ملازم تھے۔ یہ رویہ ہرگز قابل قبول نہیں۔ ساتھی اساتذہ کے مطابق یہ اساتذہ نہایت لائق اور ذہین و فطین سرمایہ تھے۔ انہوں نے کبھی حزب التحریر کے فلسفے کی کھلم کھلا تبلیغ نہیں کی۔ اساتذہ کرام نے غیر معمولی طور پر حساس ہونے کا مظاہرہ کیا جو خوش آئند اور زندگی کی علامت ہے۔ صحافی، وکلاء ڈاکٹر، طلبہ، علماء سب ہی عین اسی انداز سے لاپتہ کئے جاتے رہے۔ عدالتوں میں پیش کرنا، قانون آئین شہری حقوق کی پاسداری 9/11 کے بعد داستانِ پارینہ ہو گئے۔ ایک وہ دور بھی تھا جب ڈھاکہ یونیورسٹی میں وائس چانسلر ڈاکٹر محمود حسین (ایوب خان کے دور میں) نے یونیورسٹی میں پولیس کو کبھی قدم رکھنے کی اجازت نہ دی تھی۔ ایسا بھی ایک واقعہ ہوا جب طلبہ کے ساتھ خود احتجاج پر نکل کھڑے ہوئے۔ دہشت گردی کی عفریت کے ڈھول پیٹ پیٹ کر ہم نے ساری حرمتیں روند ڈالیں۔ سارے تقدس پامال کئے۔ ان گنت گھروں میں اچانک دھاوا بولنا وتیرہ بن گیا۔ چادر چار دیواری کی اصطلاح منہ چھپائے پھرتی ہے۔ ملک کا ذی شعور، تعلیم یافتہ، مہذب طبقہ خاموشی سے تماشا دیکھتا رہا۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں سے پروفیسر صاحبان نے لاقانونیت برتنے پر شدید احتجاج کیا ہے۔ کیا ایسے واقعات کا نوٹس لیا جانا سپریم کورٹ کے ذمے ایک واجب الادا قرضہ نہیں؟ نہتے شہریوں کا محافظ کون ہوگا؟ کیا خلافت کا ذکر مملکت خداداد پاکستان میں لاپتہ کر دیئے جانے کے لائق جرم ہے؟ (ذرائع نے یہی بطور جرم بیان کیا ہے مذکورہ خبر میں) کیا یہ وہی خطہ نہیں ہے جس کے اکابرین نے تحریکِ خلافت اٹھائی تھی؟ خلافتِ عثمانیہ ٹوٹنے پر، اقبالؒ کے مرثیوں پر لوگ امت مسلمہ کے غم میں دھاڑیں مار مار کر روتے تھے۔ (ابھی ٹیلی ویژن سے حرافائیں ناچتی کودتی نمودار ہونی شروع نہیں ہوئی تھیں) یونیورسٹیوں میں خدا بیزار پروفیسر حضرات اسلام کے پرخچے اڑا لیں۔ یہ تو علمی مباحثے کے زمرے میں شمار ہوتا ہے۔ تاہم تمام فلسفہ ہائے حیات پڑھتے پڑھاتے خلافت پڑھا دی جائے تو ڈانڈے کسی کالعدم تنظیم سے لا ملائے جاتے ہیں۔ کلام اقبالؒ سے خلافت کا تذکرہ کیونکہ حذف کریں گے جو کبھی کہتے ہیں۔

تا خلافت کی بنا دنیا میں ہو پھر استوار
لا کہیں سے ڈھونڈ کر اسلاف کا قلب و جگر!

اور کبھی یہ کہ

مرے درویش، خلافت ہے جہاں گیر تری!

شکر ہے اقبال جا سوئے ورنہ حزب التحریر قرار دے کر اٹھا لیے گئے ہوتے!

انسانی حقوق کی عالمی تنظیم ہیومن رائٹس واچ نے شام میں بشار الاسد کی فوج کے زیر انتظام عقوبت خانوں، جیلوں میں انسانیت سوز مظالم پر 15 دسمبر کو ایک رپورٹ جاری کی ہے۔ شام سے فوجی فورنزک فوٹو گرافر نے 53275 تصاویر ملک سے باہر سمگل کیں۔ یہ تصاویر دہشت گردی کی نام نہاد جنگ کے کریہہ چہرے سے نقاب الٹتی ہیں۔ بشار الاسد کے تحفظ کے لیے سرگرداں

عالمی طاقتوں، اقوام متحدہ اور ضمیرِ عالم کا ایکسرے ہیں۔ تشدد، سربریت، انسانیت سوز مظالم کے لیے لغت میں درج تمام الفاظ ان حقائق، انٹرویوز اور تصاویر کے سامنے گنگ ہیں۔ ہٹلر بھی دیکھے تو شرمسار ہو جائے۔ قیدیوں پر بدترین تشدد، فاقہ کشی، بلا علاج بیماریوں، بدترین ماحول، وحشیانہ ٹارچر نے یہ لاشے بنائے ہیں۔ دنیا کے ہر آئین، قانون سے ماوراء اس وحشت بھری جنگ نے ہر مسلمان ملک کو ان تحائف سے نوازا ہے۔ انٹرویو دینے والا نوجوان جوان معدودے چند میں سے بچ نکلا کہتا ہے کہ میری کہانی ہزاروں میں سے ایک قیدی کی کہانی ہے۔ جو تو کیمیائی حملوں اور بیرل بموں سے مارے گئے۔ وہ بہت بہتر رہے اس لیے کہ انسانیت سوز تشدد کا سامنا تو نہیں کرنا پڑا۔ یہاں تو ہر قیدی ایک دن میں سیکڑوں مرتبہ مرتا ہے۔ اگر میں مرجاتا تو یہ کہانی آپ تک نہ پہنچتی۔ فتنۂ دجال کی چشم کشا احادیث میں جب ہر صاحبِ ایمان کے لئے ہتھیلی پر انگارہ رکھنے کی بات، دنیا کی ساری قوموں کے بھوکوں کے دسترخوان پر ٹوٹ پڑنے کی بات اور یہ کہ آزمائشوں میں ثابت قدم رہ کر ایمان کی حفاظت کرنے والے کے لیے 50 صحابہؓ کے برابر اجر کی بات آتی ہے۔ (یہ وہ نہیں ہیں جو اسلام نہیں صرف اپنی کھال بچاتے ہیں) تو یہ دور مجسم اس کی تصویر ہے۔ ابوغریب اور گوانتاموگواہ ہے۔ برما اور وسطی افریقہ گواہ ہے۔ افغانستان غزہ کشمیر گواہ ہے۔ شام کی دنیا میں دربدر آبادی گواہ ہے۔ بنگلہ دیش کے پاکباز پھانسیوں پر جھولتے گواہ ہیں۔ اور تازہ ترین گواہی ان شامی نوجوانوں کی ہے جن کی تشدد زدہ لاشیں تصاویر در تصاویر فریادی ہیں! میڈیا کہاں ہے؟ جنیوا کہاں ہے؟ عالمی عدالت انصاف کہاں ہے؟ کیا جنگی جرم کا نام صرف ایک ہے؟ اسلام!!! اس پر سزا کے مراکز صرف شام میں نہیں ہر ملک میں ہیں۔ اہلِ دل، اہلِ شعور کے ذمے یہ ہے کہ وہ پاکستان کے لاپتہ افراد کا سراغ لگائیں۔ نیٹ پر آنے والی چند تصاویر اسی طرح یہاں بھی سوالیہ نشان ہیں۔ کیا یہاں حقوق انسانی کا کوئی ادارہ موجود ہے؟ ہمارا حال تو یہ ہے: ؎

عشق قاتل سے بھی مقتول سے ہمدردی بھی — یہ بتا کس سے محبت کی جزا مانگے گا؟

غلبہ و اقامتِ دین کی جدوجہد کا حُدی خواں — تنظیم اسلامی کی انقلابی دعوت کا ترجمان

ماہنامہ میثاق لاہور

شمارہ جنوری 2016ء — ربیع الثانی ۱۴۳۷ھ

اجرائے ثانی: ڈاکٹر اسرار احمد رحمۃ اللہ علیہ

مشمولات

☆ لبرل ازم، سقوطِ ڈھاکہ اور پاکستان کا مستقبل — ادارہ
☆ اللہ ربّ العزت کا فضلِ عظیم اور اُس کی وسعتِ رحمت (مطالعۂ حدیث) — ڈاکٹر اسرار احمدؒ
☆ قرآن کریم کی اصولی باتیں (۵) — ڈاکٹر عمر بن عبداللہ المقبل
☆ تحریکی جدوجہد اور معاشی تفاوت — حافظ سید اسامہ علی
☆ کامیابی کُل کے کُل دین میں ہے! — ڈاکٹر ضمیر اختر خان
☆ حاجی عبدالواحد صاحبؒ کی یادداشتیں (۳) — پروفیسر حافظ قاسم رضوان
☆ خلافتِ راشدہ کے بعد سے سقوطِ خلافت تک — شجاع الدین شیخ

محترم ڈاکٹر اسرار احمدؒ کا ''بیان القرآن'' باقاعدگی سے شائع ہو رہا ہے!

☆ صفحات: 100 ☆ قیمت فی شمارہ: 30 روپے ☆ سالانہ زرتعاون (اندرون ملک) 300 روپے

مکتبہ خدام القرآن لاہور 36۔ کے، ماڈل ٹاؤن، لاہور

روداد سیمینار

دولت کا چند ہاتھوں میں ارتکاز ایک دو دھاری تلوار ہے: حافظ عاکف سعید

مسلمانانِ پاکستان کے لیے محفوظ راستہ یہی ہے کہ پارلیمنٹ سود کو حرام اور غیر قانونی قرار دے: شاہد حسن صدیقی

دستور کی دفعہ 38F عوام کو یہ حق دیتی ہے کہ وہ حکومت سے سودی نظام کے خاتمہ کا مطالبہ کریں: حافظ عاطف وحید

حرمت سود مہم کا مقصد عوام میں سود کے گناہ کی سنگینی کا شعور پیدا کرنا ہے: شجاع الدین شیخ

اللہ اور رسول کی پکار پر لبیک کہنے میں ہی ہماری حیات ہے: صاحبزادہ ابوالخیر زبیر

تنظیم اسلامی کے زیر اہتمام گلستان انیس کلب، شہید ملت روڈ پر حرمت سود کے بارے میں ایک سیمینار منعقد ہوا۔ امیر تنظیم اسلامی حافظ عاکف سعید نے اپنے خطاب میں شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ کے معروف قول کا حوالہ دیا کہ دولت کا چند ہاتھوں میں ارتکاز ایک دو دھاری تلوار ہے جو ایک جانب دولتمند طبقہ کو اللوں تللوں میں لگا دیتا ہے اور دوسری جانب محروم طبقے کو دو وقت کی روٹی کے حصول کی جدوجہد میں لگا کر دین کے تقاضوں کی تکمیل سے غفلت میں مبتلا کر دیتا ہے۔ سودی نظام کے نتیجے میں ایک طرف امیر سے امیر تر ہو رہا ہے تو دوسری جانب عوام کی 50 فیصد سے زیادہ تعداد کو خط غربت سے نیچے دھکیل دیا ہے۔ علماء اور مذہبی سیاسی جماعتوں کے قائدین کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اس ضمن میں حکومتی رویئے کے خلاف بھرپور عوامی تحریک برپا کریں۔ صدر ملی یکجہتی کونسل اور علمائے اسلام پاکستان صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر نے کہا کہ قرآن کے ارشاد کے مطابق اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی پکار پر لبیک کہنے میں ہمارے لئے زندگی ہے۔ صحابہ کرامؓ اس پر فوری طور پر لبیک کہتے تھے جیسا کہ حضرت حنظلہؓ کمرۂ عروسی سے جہاد کی پکار سن کر میدان جنگ میں جا کر شہادت پر فائز ہو کر حیات جاوداں پا گئے۔ ہم سود کے بارے میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی پکار پر لبیک کو گزشتہ 68 سال سے موخر کرتے چلے آ رہے ہیں۔ نتیجتاً ہم معاشی اور اقتصادی طور پر تباہی کے دہانے پر پہنچ چکے ہیں۔ ڈائریکٹر شعبہ تحقیق اسلامی قرآن اکیڈمی لاہور حافظ عاطف وحید نے سود کے حوالے سے عدالتی سطح پر تنظیم کی مساعی کی تفصیل بتاتے ہوئے کہا کہ 2012ء سے اب تک ہماری دو پٹیشنیں رد کی جا چکی ہیں۔ البتہ سپریم کورٹ نے ہماری پٹیشن کو قبول کر لیا ہے اور اس کی سماعت سردیوں کے تعطیل کے بعد شروع ہو گی۔ دستور کی دفعہ 38F عوام کو یہ حق دیتی ہے کہ وہ حکومت سے مطالبہ کریں کہ سودی نظام کا خاتمہ کیا جائے۔ ماہر معاشیات شاہد حسن صدیقی نے کہا کہ پرویز مشرف کے دور میں عوامی دباؤ کو کم کرنے کے لئے سودی نظام کے متوازی اسلامی بینکنگ کا آغاز کیا اور علماء یہ اعتراف کرتے ہیں کہ یہ بھی ایک غیر اسلامی نظام ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پارلیمنٹ خود سود کو حرام قرار دے اور حکومت مقدمہ واپس لے۔ امیر حلقہ تنظیم اسلامی شمالی کراچی شجاع الدین شیخ نے کہا کہ حرمت سود مہم کا مقصد عوام میں سود کے گناہ کی سنگینی کا شعور بیدار کرنا ہے تاکہ ان کے دلوں میں سود کے خلاف نفرت پیدا ہو اور وہ سود کے خاتمے کے لئے آواز بلند کریں۔ قرآن میں سود ی لین دین کرنے والوں کے خلاف اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی جانب سے جنگ کا الٹی میٹم دیا گیا ہے جبکہ حدیث میں سود کے ستر درجے کے گناہوں میں سے ہلکا ترین گناہ یہ قرار دیا گیا ہے کہ کوئی اپنی ماں سے زنا کرے۔ عوام نے سیمینار میں پُرجوش انداز میں شرکت کی جس سے ہال کی تنگ دامنی کا احساس ہوتا رہا لیکن لوگوں نے مقررین کی گفتگو کو بڑی توجہ اور دلچسپی سے سنا۔ (جاری کردہ: مرکزی شعبہ نشر و اشاعت، تنظیم اسلامی)

سقوطِ ڈھاکہ اور تاریخ کا سبق

16 دسمبر 2015ء کو منعقدہ نشست کی تلخیصی رپورٹ

مہمانانِ گرامی
ڈاکٹر فرید احمد پراچہ (سینئر راہنما جماعت اسلامی)
اوریا مقبول جان (معروف کالم نگار و دانشور)
ایوب بیگ مرزا (ناظم نشر و اشاعت تنظیم اسلامی)

میزبان: وسیم احمد

سوال: 1965ء میں بھارتی جارحیت کا مقابلہ کرتے ہوئے ہماری فوج نے اپنے ملک کا بہترین دفاع کیا تھا۔ پھر کیا وجہ ہوئی کہ صرف 6 سال بعد پلٹن کے میدان میں اسی دشمن کے سامنے ہماری فوج ہتھیار ڈالنے پر مجبور ہوگئی؟

ایوب بیگ مرزا: 1965ء کی جنگ کے لیے آپ نے ''بہترین دفاع'' کا انتہائی موزوں لفظ استعمال کیا ہے، واقعتاً یہ ہماری بہت بڑی کامیابی تھی کہ ہم نے اتنے بڑے دشمن سے پاکستان کو زیر ہونے سے بچالیا، تاہم ہم کوئی فاتح ہندوستان نہیں بن گئے تھے لیکن اس وقت کے جرنیلوں نے ایوب خان کی فوجی ڈکٹیٹر شپ، جو اس وقت زوال پذیر تھی، کی گرتی ہوئی ساکھ کو بچانے کے لیے اس انداز کا پروپیگنڈا شروع کیا کہ جیسے ہم نے انڈیا کے خلاف کوئی بہت بڑی فتح حاصل کرلی ہے۔ آپ کو یاد ہوگا کہ 6 ستمبر کو ہم نے ہمیشہ یوم دفاع منایا ہے، کبھی یوم فتح نہیں منایا۔ لیکن جرنیلوں نے اس واقعے کو قوم کے سامنے فتح کے طور پر پیش کیا۔ اس پر ہماری قوم بھی فتح کے نشے میں سرمست ہوگئی۔ ہماری قوم میں یہ تاثر عام ہوگیا کہ ہم چونکہ مسلمان، مجاہد ہیں لہٰذا کوئی کافر ہمارے سامنے نہیں ٹھہر سکتا۔ اس تصور نے ہماری جدوجہد کو زک پہنچائی۔ یعنی ہم بہت زیادہ خوش فہمی میں مبتلا ہوگئے اور اسی نشے میں وقت گزرتا گیا جبکہ دوسری طرف بھارت میں ناکامی کا احساس تھا کیونکہ بھارتی حکام اور فوج کا فیصلہ تھا کہ اسی شام (6 ستمبر کو) جم خانہ (لاہور) میں جاکر شراب نوشی کی جائے گی، لیکن ایسا نہ ہوسکا۔ اس احساسِ ناکامی کی وجہ سے انہوں نے اپنی جدوجہد کو جاری رکھا جبکہ ہم فتح کا جشن مناتے رہے۔ دوسری بات یہ تھی کہ 1965ء کی جنگ میں مشرقی پاکستان کے بارڈر پر ہمارا کوئی دفاع نہیں تھا۔ سرحد پر صرف تین ٹینک موجود تھے۔ لیکن چائنہ نے انڈیا کو دھمکی دی کہ اگر تم نے مشرقی پاکستان کا رخ کیا تو میں بھی میدان جنگ میں اتر جاؤں گا۔ یہ دھمکی اس وقت کارگر ثابت ہوئی۔ مشرقی پاکستان میں مؤثر دفاعی انتظامات نہ کرنے پر شیخ مجیب الرحمان نے اس بات کو بہت اُچھالا کہ اگر انڈیا بنگال پر حملہ کر دیتا تو ہمارا کیا بنتا، کیا چائنہ ہر دفعہ ہمارے دفاع کے لیے آئے گا؟

وسیم احمد: آپ کے خیال میں سقوطِ مشرقی پاکستان کی بنیاد 65ء کی جنگ میں ہی پڑ چکی تھی؟

ایوب بیگ مرزا: سقوطِ مشرقی پاکستان کی بنیاد تو شروع سے ہی پڑ چکی تھی۔ جب قائداعظم مشرقی پاکستان کے دورے پر گئے تھے تو وہاں بنگالیوں نے ڈھاکہ ریلوے

مرتب: محمد رفیق

اسٹیشن پر ان کے خلاف پہلا اور آخری احتجاج زبان کے مسئلے پر کیا تھا۔ تاہم سقوطِ ڈھاکہ کی اصل داغ بیل 65ء کی جنگ میں پڑی۔ شیخ مجیب الرحمان نے 66ء میں جو

> سقوطِ ڈھاکہ کا سب سے بڑا ذمہ دار انڈیا، دوسرے نمبر پر سیاست دان اور تیسرے نمبر پر فوجی حکمران اور اسٹیبلشمنٹ ہے

6 نکات پیش کیے تھے ان کی بنیاد یہی بنائی تھی کہ ہمارا دفاع نہیں کیا گیا۔ پھر سن 1968ء میں انڈیا کی خفیہ ایجنسی ''را'' قائم ہوئی اور اس کو باقاعدہ ٹاسک دیا گیا۔ یعنی انڈیا نے باقاعدہ منصوبہ بندی کے ساتھ کام کیا۔ مشرقی پاکستان میں ہندو اقلیت کی آبادی تقریباً ایک کروڑ تھی جبکہ مسلمانوں کی آبادی تقریباً 7 کروڑ تھی۔ اتنی بڑی اقلیت کو Involve کیا گیا، خاص طور پر تعلیمی اداروں میں ہندو اساتذہ نے بنگالیوں کی ذہن سازی کی۔ لہٰذا دشمن نے دوطرفہ کام کیا اور ہم نے 6 سال اسی سرمستی میں گزارے کہ ہم نے بڑی فتح حاصل کرلی ہے اور اب ہندو ہمارا کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔

سوال: مسلمانوں کا یہ تو عقیدہ ہے کہ اگر آپ نیک مقصد کے لیے، اللہ کے دین کی سربلندی کے لیے جہاد کرتے ہیں تو اللہ کی نصرت اور تائید آپ کے ساتھ ہوتی ہے۔ اپنے وطن کا دفاع بھی ایک دینی فریضہ نہیں ہے کیا؟

ایوب بیگ مرزا: وطن کا دفاع بے شک دینی فریضہ ہے لیکن اگر آپ سارے کے سارے دین کو ٹھکرا کر ایک طرف رکھ دیں اور صرف وطن کو ہی اپنا دین و ایمان بنالیں تو پھر انجام وہی ہوگا جو بعد میں ہمارا ہوا۔

سوال: آپ کے خیال میں سقوطِ ڈھاکہ کا ذمہ دار کون تھا؟ ہماری فوج، دونوں اطراف کے سیاستدان یا صرف انڈیا؟

